محمد رمضان سلفی

تبصرہ کتب

مسند ابی ہریرہؓ

مرتب — مولانا عطاء اللہ طارق

صفحات — 224

قیمت — 120روپے

ناشر و ملنے کا پتہ — (۱) ادارا اصلاح المسلمین جامع قدس اہلحدیث گگو منڈی ضلع وہاڑی

(۲) محمد زبیر ظہیر جامعہ سلفیہ حاجی آباد فیصل آباد

(۳) نعمانی کتب خانہ اردو بازار لاہور

مولانا عطاء اللہ طارق حفظ اللہ ہماری جماعت کے معروف اہل قلم ہیں۔ تالیف و تصانیف کا نفیس ذوق رکھتے ہیں۔ وطن عزیز میں ان کی تصانیف میں "مواعظ طارق" کو جو شہرت دوام حاصل ہوئی وہ مقام کسی دوسرے خطبات کے مجموعے کو نہیں مل سکا ہے۔ مولانا طارق شیریں مقال' واعظ اور شگفتہ مزاج مصنف ہیں ان کا اندازِ تحریر سادہ' دلنشین اور متاثر کن ہے۔ یہ بزرگ ہمہ وقت اپنے قلم کو حرکت میں رکھتے ہیں اور علمی و تصنیفی کام میں مصروف عمل رہتے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب "مسند ابی ہریرہ" ان کی نئی کاوش ہے۔

اس میں انہوں نے صحیح بخاری شریف میں مرقوم حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی روایات کو یکجا کر دیا ہے۔ یہ ایک مشکل اور محنت طلب کام تھا جو طارق صاحب نے نہایت خلوص و محبت سے انجام دیا ہے۔ اس مسند میں کل 314 احادیث نقل کی گئی ہے اور ان کا نہایت سلیس اردو میں ترجمہ بھی کر دیا گیا ہے۔ کتابی دنیا میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔ محترم طارق صاحب اس پر بجا طور پر تحسین و توقیر اور مبارک کے مستحق ہیں۔

کتاب کی کمپوزنگ' طباعت' کاغذ عمدہ اور معیاری ہے جبکہ ٹائٹل جاذب نظر اور جلد بندی اعلیٰ معیار کی ہے۔

یہ کتاب ہر عام و خاص کے لئے بڑی مفید ہے اس کا مطالعہ قاری کو بہت سی نئی معلومات اور مسائل سے آگاہ کرتا ہے۔ ایسی کتاب ہر گھر اور لائبریری میں رکھنا چاہئے۔ خود پڑھئے اور دوسروں کو اس کے مطالعے کی تلقین کیجئے۔ شکریہ

قبروں پر مساجد اور اسلام

تالیف — علامہ محمد ناصر الدین البانی

ترجمہ — مولانا محفوظ الرحمان فیضی

صفحات — 134

قیمت — 51 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ — مکتب دار ارقم نزد گیٹ مسجد اہلحدیث امین پور بازار فیصل آباد

علامہ ناصر الدین البانی عالم اسلام کے بہت بڑے محقق اور بلند پایہ محدث و مصنف تھے۔ انہوں نے حدیث مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کے سلسلے میں علمی طور پر کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ علامہ موصوف نے غیر شرعی رسوم و عوائد اور شرک و بدعات کو بھی موضوع سخن بنایا اور ان فتنوں کی سرکوبی کی۔

پیش نظر کتاب "تحذیر الساجد عن اتخاذ القبور مساجد" ان کی معروف تصنیف ہے' اس میں انہوں نے قبر پرستی سے متعلق تفصیلی بحث کی ہے اور قرآن و سنت کے دلائل سے اس کی حرمت کو ثابت کیا ہے۔ کتاب کو سات فصلوں میں منقسم کیا گیا ہے اور قبر پرستوں کے شبہات اور مزعومہ عقائد و دلائل کی قلعی کھولی گئی ہے۔

یہ کتاب اپنے موضوع پر منفرد کتاب ہے جس میں قبروں پر مساجد تعمیر کرنے کی ممانعت کو احادیث صحیحہ اور متواترہ کے ذریعے ثابت کیا گیا ہے۔ اصلاح عقائد کے لئے ایسی کتب انتہائی مفید ثابت ہوتی ہیں۔ کتاب ظاہری و معنوی خوبصورتی کے ساتھ طبع کی گئی ہے۔ کمپیوٹرائزڈ کتابت' سفید عمدہ کاغذ' جاذب نظر ٹائٹل۔

اس کتاب کا مطالعہ ہر عام و خاص کے لئے یکساں مفید ہے۔ ہم قارئین سے اس کے مطالعہ کی درخواست کرتے ہیں۔